# پریس ریلیز

## ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ : www.rbi.org.in
ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون : 91 22 2266 0502 فیکس : 91 22 22660358

24 دسمبر 2019

## بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کی سیکشن 35A کے تحت شری آنند کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، چنچواڑ، پونہ، مہاراشٹر کو ہدایات (پابندی)

شری آنند کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، چنچواڑ، پونہ، مہاراشٹر کو ڈائریکٹیو نمبر ڈی سی بی ایس ، سی او ، بی ایس ڈی ، آئی/ڈی - 16/12.22.474/2018-2019 مورخہ 21 جون 2019 کے ذریعہ 25 جون 2019 کو کام کے اختتام سے چھ ماہ کے لئے ہدایات کے تحت رکھا گیا تھا۔

2. اب عوام کی جانکاری کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کی سیکشن 35A کے سب سیکشن (ا) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ مورخہ 21 جون 2019 کی ڈائریکٹیو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی، آئی/ڈی 16/12.22.474/2018 جو مندرجہ ذیل بالا بینک کو جاری کی گئی تھی اور یہ 24 دسمبر 2019 تک ویلڈ تھی، کی ہدایات کو مزید 3 ماہ کے لئے یعنی 25 دسمبر 2019 سے 24 مارچ 2020 تک جاری رکھنے کا فیصلہ اپنے 23 دسمبر 2019 کے ڈائریکٹیو ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی/نمبر ڈی 44/12.22.474/2019-2020 کے ذریعہ نظرثانی کی شرط کے ساتھ کیا ہے۔

3. اس ڈائریکٹیو کی دیگر شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے وہ ویسے ہی رہیں گی۔ 23 دسمبر 2019 کا ڈائریکٹیو جس میں مندرجہ بالا توسیع کے بارے میں بتایا گیا ہے کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی گئی ہے۔

4. مندرجہ بالا توسیع اور/ یا ترمیمات جو ریزروبینک نے کی ہیں کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ آر بی آئی اس بینک کی مالی حالت میں بہتری سے مطمئن ہے۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز : 1507/2019-2020